StudentBounty.com

**Roll No.**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 19

No. of Printed Pages - 7

# S — 72 — Urdu (T.L.)

SECONDARY EXAMINATION, 2011

## URDU

( Third Language )

Time : $3\frac{1}{4}$ Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(ii ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھئے۔

(iii خوشخط لکھنے کا پورا خیال رکھئے اور ہر جواب کے سامنے اس کا صحیح سوال نمبر لکھئے۔

(iv سوال نمبر 1 کے چار حصّے (i، ii، iii، iv) ہیں، ہر حصہ کے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ صحیح جواب کا نمبر نیچے دی گئی فہرست کو اپنی کاپی میں بنا کر لکھئے۔

| سوال نمبر | صحیح جواب کا نمبر |
|---|---|
| (i) | |
| (ii) | |
| (iii) | |
| (iv) | |

StudentBounty.com



1\. (i حضرت محمدﷺ کو جس مُقام پر نبی بنائے جانے کا پیغام سُنایا گیا، اُس مقام کا نام بتایئے: $\frac{1}{2}$

(1) کوہِ طور (2) غارِ حِرا

(3) کوہستان (4) اِن میں سے کوئی نہیں

(ii حضرت غریب نوازؒ کی درگاہ کہاں ہے؟ $\frac{1}{2}$

(1) دہلی میں (2) سڑوار شریف میں

(3) اجمیر شریف میں (4) ناگور شریف میں

(iii ڈاکٹر عبدالکلام کو کہا جاتا ہے۔ کیا؟ $\frac{1}{2}$

(1) وَن مین (2) گن مین

(3) میزائل مین (4) راکِٹ مین

(iv مرزا غالبؔ کو نہایت مرغوب تھے۔ کیا؟ $\frac{1}{2}$

(1) امرود (2) انار

(3) آم (4) سیب

2\. نوٹ: نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب ایک ایک سطر (one line) میں لکھیئے:

(i) ''وقت'' سبق میں وقت کو کِس سے زیادہ تیز رفتار کہا گیا ہے؟ 1

(ii) ممبئی کے مُشاعرہ میں جوش ملیح آبادی نے تہلکہ مچادینے والی جو نظم سُنائی اس کا کیا عُنوان تھا؟ 1

(iii) مرثیہ کِس زبان کا لفظ ہے اور اس سے کیا مُراد ہے؟ 1

(iv) ''ہمارا زمانہ تو آخیر ہے۔ اب خُدا سے یہ دُعا ہے کہ کوئی نوجوان اُٹھے اور اپنی قوم کی بھلائی میں کوشش کرے۔ یہ بات کس نے کہی ہے ؟ 1

StudentBounty.com



3. (i) رقیب کہتے ہیں رنگِ وطن نہیں یکساں - بنا ہے قوسِ قزح خاکِ ہند کا داماں

قوسِ قزح کے کیا معنی ہیں؟ 1

(ii) ''خاکِ وطن'' نظم میں اپنے مُلک کی مٹّی میں کیا چیز پوشیدہ بتائی گئی ہے؟ 1

(iii) سیویّاں کس تہوار پر بنائی جاتی ہے؟ 1

نوٹ :۔ درج ذیل سوالوں کے جواب دو یا تین سطروں میں لکھئے :

4. (i) سبق ''گزرا ہوا زمانہ'' سے نوجوانوں کو کیا پیغام مِلتا ہے؟ 2

(ii) کِس چیز کی تلافی مُمکن نہیں ہے اور کیوں؟ سبق ''وقت'' کی روشنی میں بتایئے۔ 2

5. (i) بُلبُل کی آہ وزاری کیا تھی؟ $2\frac{1}{2}$

(ii) دُخترِ خیراُلا نام سے کون مُراد ہیں؟ $2\frac{1}{2}$

6. نیچے لکھے الفاظ کی اِملا دُرست کر کے لکھئے: 4

(i) کھت (ii) کھاک ہند

(iii) ہافِض (iv) عقبر

7. نیچے دی گئی خالی جگہوں کو قوسین (bracket) میں دیے گئے مُناسب الفاظ سے پُر کیجئے: 5

(i) شاہ جہاں کی عُمدہ عمارتوں میں سے ایک عمارت................. بھی ہے۔

( مُمتاز محل / تاج محل )

(ii) پیارے نبی نے فرمایا اللہ کے سِوا کوئی................ نہیں۔

( معبود / مقصود )

StudentBounty.com



(iii) اجمیر شریف کا نام................ میں ادب و احترام سے لیا جاتا ہے۔

(ہندوستان / پوری دُنیا)

(iv) ''صُبح ہوتی ہے.................. ہوتی ہے''

(رات / شام)

(v) غزل کا ہر شعر معنی و مفہوم کے لحاظ سے ایک................ کی حیثیت رکھتا ہے۔

(مِصرع / اِکائی)

8. درج ذیل الفاظ کے معنی لکھئے: 5

عابِد - مشغلہ - مُراد - مُفلِس - جُرأت

9. درج ذیل سوالات کے سامنے غیر ترتیب جوابات لکھے گئے ہیں، اُنہیں صحیح ترتیب کے ساتھ لکھیئے: 5

| | سوالات | | بے ترتیب جوابات |
|---|---|---|---|
| (i) | میرے نزدیک تو آم میں صِرف دو باتیں ہونی چاہئیں، ''میٹھا ہو اور بہت ہو۔'' یہ بات کسنے کہی؟ | a) | محسنِ انسانیت |
| (ii) | ہری پربت پر اپنا مزار بنائے جانے کی خواہش کس کی تھی؟ | b) | مرزا غالبؔ |
| (iii) | سرسیّد احمد خاں کا سبق کونسا ہے؟ | c) | عبدل بابا |
| (iv) | آپ کی درسی کتاب میں اسمٰعیل میرٹھی نے کِس عمارت کی تعمیر اور خوبصورتی کا بیان کیا ہے؟ | d) | گُزرا ہوا زمانہ |
| (v) | ''شہنشاہِ کونین، تاجدارِ عرفان، رازدارِ کائنات، شاہِ عرب۔'' یہ عبارت کہاں سے لی گئی ہے؟ | e) | روضئہ تاج محل |

10. اپنی درسی کتاب سے اپنی پسند کے دو شعر لکھیے جو اس پرچہ میں شامل نہ ہوں۔ 4

11. درج ذیل میں سے کسی ایک پر مُختصر نوٹ لکھیے: 5

(i) مرثیہ (ii) غزل (iii) رباعی

StudentBounty.com



12. اِسم یا ضمیر میں سے کسی ایک کی مُختصر تعریف مع مِثال لکھیے۔ 2

13. درج ذیل الفاظ کے مُتضاد (opposite) لکھیے : 4

(i) آخر (ii) پاک

(iii) خاص (iv) گدا

14. درج ذیل الفاظ کے مونث لکھیے : 2

(i) بیگ (ii) عالی

(iii) عالم (iv) شاعر

15. درج ذیل محاورات کے معنی لِکھ کر اُنہیں جُملوں میں اِستعمال کیجئے : 4

(i) ناک میں دم کرنا (ii) کان بھرنا

(iii) کلیجہ مُنہہ کو آنا (iv) ناک کٹنا

16. مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر اُس کا مطلب آسان اُردو میں لکھیے : 4

جب وقت کی بے ثباتی کا یہ حال ہے اور جو وقت گُزرا وہ ہمارے اختیار سے باہر ہوا، تو نہایت ضروری ہے کہ وقت پر ہمارا اِختیار ہو، اُس کو ضائع نہ ہونے دیں۔ یہی وقت ہے کہ سونے اور کھیلنے میں گزر جاتا ہے اور آدمی کو سُست، آوارہ، ذلیل اور رُسوا، خوار اور محتاج اور طرح طرح کے امراض میں مُبتلا، بداخلاقیوں میں گرفتار کر دیتا ہے۔

StudentBounty.com



17. درج ذیل بند کا مطلب شاعر اور نظم کا نام بتاتے ہوئے لکھیے : 6

ہے عابدوں کو طاعتِ تجرید کی خوشی　　اور زاہدوں کو زہد کی تمہید کی خوشی
رِند عاشقوں کو ہے کئی اُمید کی خوشی　　کُچھ دِلبروں کے وصل کی کچھ دید کی خوشی
ایسی نہ شب برات نہ بقرعید کی خوشی
جیسے ہر ایک دِل میں ہے اِس عید کی خوشی

یا

یہ آرزو ہے کہ مہر و وفا سے کام رہے　　وطن کے باغ میں اپنا ہی انتظام رہے
گُلوں کی فِکر میں گُلچیں نہ صُبح و شام رہے　　نہ کوئی مُرغِ خوش الحان اسیرِ دام رہے
سریر شاہ کا اقبال ہو بہارِ چمن
رہے چمن کا مُحافظ یہ تاجدارِ چمن

18. درج ذیل اشعار میں سے تین شعروں کا مطلب شاعر کا نام بتاتے ہوئے سمجھایئے : 6

(i) پرند آشیانے میں جانے لگے
مویشی بھی جنگل سے آنے لگے

(ii) یہ مٹّی میرے بھارت کی، عقیدت اِس میں پوشیدہ
محبت اِس میں پوشیدہ، شرافت اِس میں پوشیدہ

(iii) حاضِر ہوں مدد کو جان و دِل سے
کیڑا ہوں اگر چہ میں ذرا سا

StudentBounty.com



(iv) ہے اِمتحان سر پر کھڑا محنت کرو محنت کرو

باندھو کمر بیٹھے ہو کیا، محنت کرو محنت کرو

(v) اَٹ جاتا تھا لباسِ مُبارک غُبار سے

جھاڑو کا مشغلہ بھی جو ہر صُبح و شام تھا

19. درجِ ذیل عُنوانات میں سے کسی ایک پر مُختصر مضمون لکھیئے: 6

(i) دیوالی (ii) میرا پیارا اسکول

(iii) عید (iv) کمپیوٹر

---